قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون ٹورنامنٹ کا فائنل خیبرپختونخوا اور سدرن پنجاب کے درمیان کھیلا جائے گا

- کھلاڑی پراعتماد ہیں، فائنل کے لیے بھرپور تیاری کررکھی ہے، مہران ابراہیم کپتان خیبرپختونخوا
- ٹیم کا مورال بلند ہے، فائنل جیتنے کی کوشش کریں گے، کپتان سدرن پنجاب نویدیاسین

لاہور، 25نومبر2019ء:

قائداعظم ٹرافی سیکنڈ الیون تین روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل خیبرپختونخوا اور سدرن پنجاب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ 26 نومبر سےاسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں شروع ہونےوالا فائنل چار روز تک جاری رہے گا۔

اس سے قبل دونوں ٹیمیں راؤنڈ میچز میں دو مرتبہ ایک دوسرے کے مدمقابل آچکی ہیں تاہم حیات آباد اسپورٹس کمپلیکس پشاور میں کھیلے گئے دونوں میچز بےنتیجہ رہے تھے۔

دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلے گئے پہلے میچ میں خیبرپختونخوا کی جانب سے خوشدل شاہ اور مہران ابراہیم نے سنچریاں اسکور کی تھیں جبکہ سدرن پنجاب کی جانب سے مینٹور اسپنر ذوالفقار بابر نے میچ میں 8وکٹیں حاصل کی تھیں۔

دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلے گئے دوسرے میچ میں سدرن پنجاب کے بیٹسمین سلمان علی آغا نے واحد سنچری اسکور کی تھی۔

ایونٹ کے 10 راؤنڈز میں 4 میچزجیتنے والی خیبرپختونخوا کی ٹیم 37پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر پہلی جبکہ سدرن پنجاب کی ٹیم 2 میچز جیت کر 31پوائنٹس کے ساتھ دوسری پوزیشن پر موجود ہے۔

فائنل میں خیبرپختونخوا کی امیدوں کا مرکز ٹیم کے کپتان مہران ابراہیم ہوں گے۔
10میچوں میں 36.15کی اوسط سے 470رنز بنانے والے 26سالہ بلے باز کا ایونٹ کی ایک اننگز میں سب سے زیادہ اسکور 131رنز ہے۔سنٹرل پنجاب کے خلاف ان کی اس کارکردگی کی بدولت خیبر پختونخوا کی ٹیم نےمیچ میں کامیابی حاصل کی تھی۔

باؤلنگ کے شعبے میں خیبرپختونخوا کو اسپنر آصف آفریدی کی جانب سے عمدہ کارکردگی کی توقع ہیں۔ بائیں ہاتھ کے اسپنر تاحال آٹھ میچوں میں 26 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔ ایونٹ میں ان کی بہترین کارکردگی ایک اننگز میں 41 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھانا ہے۔

دوسری جانب ایونٹ کےفائنل میں سدرن پنجاب کی قیادت نوید یاسین کریں گے۔ بائیں ہاتھ کے بلے بازتاحال ایونٹ میں 365 رنز اسکور کرچکے ہیں۔ وہ اب تک ایونٹ میں ایک سنچری اور 3 نصف سنچریاں بناچکے ہیں تاہم اہم ترین میچ میں سدرن پنجاب کی بیٹنگ لائن اپ میں ترپ کا پتہ مختار احمد ہوں گے۔ 10میچوں میں 658 رنز اسکور کرنے والے مختار احمد ایونٹ میں سب سے زیادہ رنز بنانےوالے بلے بازوں کی فہرست میں چوتھے نمبر پرموجودہیں۔ وہ اب تک ایونٹ میں ایک سنچری اور 5نصف سنچریاں بناچکے ہیں۔

باؤلنگ کے شعبے میں سدرن پنجاب کی امیدوں کا مرکز مینٹور ذوالفقار بابر ہوں گے۔
15 ٹیسٹ میچوں میں 54وکٹیں حاصل کرنے والے اسپنر ذوالفقار بابر تاحال ایونٹ میں 87 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔ ایونٹ کے ٹاپ وکٹ ٹیکر ذوالفقار بابر کی بہترین کارکردگی ایک اننگز میں 45رنز کے عوض 6وکٹیں حاصل کرنا ہے۔

مہران ابراہیم ، کپتان خیبرپختونخوا:

مہران ابراہیم کا کہنا ہےکہ تمام کھلاڑیوں نے فائنل کے لیے سخت تیاری کررکھی ہے جبکہ اے سی سی ایمرجنگ ٹیمز ایشیا کپ میں شرکت کے بعد خوشدل شاہ کی واپسی سے ٹیم کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔

انہوں نے کہا کہ راؤنڈ میچز کے دوران کوچز نے اسکواڈ میں شامل تمام کھلاڑیوں کو بہت اعتماد دیا جو ٹیم کی مثبت کارکردگی کی صورت میں نظر آرہا ہے۔ مہران ابراہیم نے کہا کہ وہ ایونٹ کے دوران اپنی انفرادی کارکردگی پر بہت خوش ہیں۔

نوید یاسین، کپتان سدرن پنجاب:

نوید یاسین نے کہا کہ ٹیم کا مورال بلند ہے اور وہ خیبرپختونخوا کے خلاف فائنل جیتنے کی کوشش کریں گے-انہوں نے کہا کہ ٹیم اس سے قبل بھی راؤنڈ میچز میں خیبرپختونخوا کے خلاف اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرچکی ہے-

نوید یاسین نے کہا کہ مختار احمد اور ذوالفقار بابر نے ایونٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، امید ہے دونوں کھلاڑی فائنل میں بھی بہترین کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھیں گے-

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk